Tawuz Ki Translation & Tafseer Day 8   تعوذ کا ترجمہ اور تفسیر

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ میں شیطان مردُود سے اللہ کی پناہ میں آتی ہوں۔

لفظی ترجمہ (أَعُوذُ) میں پناہ میں آتی ہوں۔ اِس میں تعویز چُھپا ہے۔ حفاظت کے لئے۔ (بِاللّٰهِ) اللہ کی (ساتھ)۔ قران پاک میں یہ لفظ اللہ 2702 بار آیا ہے۔ مِنَ۔ سے۔ قران پاک میں یہ لفظ اللہ 3026 بار آیا ہے۔

الشَّيْطَانِ۔ شیطان۔ الرَّجِيمِ۔ مردود (دُھتکارا ہوُا)

سورۃ فاتحہ کے الفاظ قران پاک میں 7500 بار آئے ہیں۔

قرآن پاک کی آخری چھے چھوٹی سورتیں یاد کرلیں تو وہ تقریباً 125 الفاظ ہیں اور وہ الفاظ قران پاک میں چالیس ہزار بار آئے ہیں۔ قرآن پاک کے 30 سیپارے ہیں۔

قرآن پاک کا لفظ سیپارہ اَصل میں سی پارہ ہے۔ سی کا مطلب ہے 30 اور پارہ ٹکڑے۔

قرآن پاک کے دوسرے سیپارے تک اگر 20 الفاظ یاد کریں تو دوسرے سے پانچویں سیپارے تک وہ 12 الفاظ بن جائیں گے اور اُس کے بعد وہ 6 نئے الفاظ بن جاتے ہیں۔ پھر آخری سیپاروں میں وہ ایک صفحے پر تقریباً 12 نئے الفاظ رہ جائیں گے۔ شروع میں مشکل لیکن پھر آسان ہوتا جاتا ہے۔

قرآن میں جتنی دفعہ شیطان کا لفظ آیا ہے اُتنی دفعہ ہی ملک (فرشتہ) کا لفظ آیا ہے۔

قرآن میں جتنی دفعہ دُنیا کا لفظ آیا ہے اُتنی دفعہ ہی آخرت کا لفظ آیا ہے۔

جو بات ہم سوچ لیتے ہیں وہ کر لیتے ہیں۔ نیّت کر لیں تو کام آسان ہو جاتا ہے۔

ہم مسلمان ہیں، آخرت پر ایمان رکھتے ہیں۔ قبر میں جاتے ہی حساب دینا پڑے گا۔ اِس لئے اپنے آپ کو تیار کرنا شروع کر دیں۔ قرآن میں ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ جب قرآن پڑھنے لگیں تو تعوذ پڑھیں۔

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ (سورۃ نحل)

شیطان سے پناہ مانگنا اِس لئے ضروری ہے کیونکہ ہم قرآن سے ہدایت حاصل کریں گے تو اُسکو بُرا لگے گا۔ شیطان ہمارا ابدی دُشمن ہے۔ وہ قسم کھا کر ہمارے پیچھے لگا ہے۔

سورۃ اعراف میں ذکر ہے کہ اُس نے دعوے کئے تھے کہ میں انسان کو بہکاؤں گا۔ قرآن کو ہدایت کے لئے پڑھیں تو شیطان کچھ وجہ سامنے لے آتا ہے۔ شیطان غلط قرآن پڑھنے والوں کو نہیں روکتا۔

اپنی آپ کو روزِ محشر میں محسوس کریں۔ اربوں کھربوں لوگ کھڑے ہیں۔ ایک کتاب آپ کے ہاتھ میں دے دی جاتی ہے۔ آپ کی ساری زندگی کی ہر ہر بات اُس میں لکھی ہو گی۔ کتاب کھلی ہو گی۔

آپ پریشان ہیں، بھاگ دوڑ رہی ہیں۔ اَب آپ کی آنکھ کُھل گئی۔

آیئے آج سے نئی کتاب لکھنا شروع کریں۔ اَب ہماری زندگی قرآن کے مطابق گُزرے گی۔ ہمیں موقع مل رہا ہے۔ زندگی کے اَصل تقاضوں کو دیکھیں۔ قرآن آپ کو صراطِ مستقیم پر رکھے گا۔

شیطان مجھے بہکا رہا ہے تو فوراً أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ پڑھ لیں۔ آیئے اپنے کل کی تیاری شروع کریں۔